**فوری اجراء کے لیے: 1/7/2022** **گورنر KATHY HOCHUL**

**گورنر HOCHUL کا نیو یارک اسٹیٹ کے آئین میں مساوی حقوق کا احاطہ کرنے کے لیے نیو یارک اسٹیٹ کی قانون ساز مجلس کے غیرمعمولی اجلاس کا اعلان**

**نیویارک اسٹیٹ اسقاط حمل کے حقوق اور بندوقوں کے باحفاظت استعمال سے متعلق سپریم کورٹ کے فیصلوں کے جواب میں نیویارک کے باشندوں کے تحفظ کے لیے کارروائی عمل میں لائے گی - گورنر کا اسقاط حمل کی رسائی کا آئین میں احاطہ کیے جانے کو غیر معمولی اجلاس کا حصہ بنانے کا اعلان**

آج گورنر Kathy Hochul نے مساوی حقوق کو غیرمعمولی اجلاس کے ایجنڈے میں شامل کرنے کے لیے ایک اعلان جاری۔ نیو یارک اسٹیٹ، *NYSRPA v. Bruen* کے مقدمے میں امریکا کی سپریم کورٹ کے فیصلے کے جواب میں بندوقوں کے باحفاظت استعمال سے متعلق قوانین وضع کرنے کے علاوہ ریاستی آئین میں اسقاط حمل کی رسائی کے حق کو مستحکم کرنے کے لیے ایک قرارداد منظور کرے گی۔

"سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلوں نے نیو یارک کے باشندوں کے اپنے جسموں سے متعلق فیصلے کرنے کے حقوق اور نیو یارک کے باشندوں کی بندوقوں کے پر تشدد استعمال سے حفاظت کرنے کے ہمارے حق کو خطرے میں ڈال دیا ہے، لیکن ہم خاموش نہیں بیٹھیں گے اور ہمیں اقدامات کرنا ہوں گے۔" **گورنر Hochul کا کہنا تھا۔** "میں سپریم کورٹ کے ان غیر ذمہ دارانہ فیصلوں کے جواب میں ان جرات مندانہ اقدامات پر دن رات کام کرنے پر اکثریتی رہنما Stewart-Cousins اور اسپیکر Heastie کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ ہم چھپے ہوئے ہتھیار لے کر چلنے سے متعلق اپنے قوانین کو مضبوط بنانے کے لیے قوانین وضع کریں گے؛ اور اسقاط حمل کے مریضوں اور فراہم کنندگان کے لیے اپنے تمام اقوام کے لیے رہنما تحفظوں کو آگے بڑھائیں گے، نیو یارک اسٹیٹ اپنے ریاستی آئین میں اسقاط حمل تک رسائی کے بنیادی حق کو شامل کرنے کی جانب ایک بے نظیر قدم اٹھائے گی۔ میں واضح الفاظ میں کہہ رہی ہوں: ہم نیو یارک کے باشندوں کی حفاظت کرنے کے لیے وہ سب کریں گے جو ہمارے اختیار میں ہوگا۔"

گورنر Hochul کا غیرمعمولی اجلاس کا اعلان [یہاں] دیکھا جا سکتا ہے۔

###

مزید خبریں یہاں دستیاب ہیں www.governor.ny.gov
نیویارک اسٹیٹ | ایگزیکٹو چیمبر |press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418